© rasailojaraid.com

وہ جوابی تحقیق پیش نہیں کرسکتا۔

مؤلف قابلِ داد ہیں کہ بات بات پر حوالے جمع کرکے اس چھوٹی سی کتاب کو خاصا تحقیقی رنگ دے دیا ہے۔

---

**کاروانِ عزیمت (۱)** مؤلفہ پروفیسر عبدالغنی فاروق - ناشر ادارہ معارفِ اسلامی منصورہ، لاہور مضبوط جلد، خوبصورت ٹائیٹل، کاغذ طباعت خوب، صفحات: ۴۹۶، قیمت: ۵۰ روپے مناسب قیمت میں تحریک اسلامی کی خدمت کرکے رخصت ہوجانے والے دس معیاری کارکنوں کا مفصل تذکرہ پیش کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر قاضی حمیداللہ، مولینا محمد علی مظفری، تاج الملوک، محمد باقر خان، چوہدری محمد اکبر، مولینا عبدالعزیز، محترمہ حمیدہ بیگم، چوہدری نذیر احمد، پروفیسر عبدالحمید صدیقی اور مولینا معین الدین خٹک کی علمی و عملی خدمات پیش کرنے کے لیے پروفیسر فاروق صاحب نے مواد جمع کرنے کے لیے بڑی محنت کی۔ لوگوں سے ملاقاتیں کیں، مسودات اور خطوط حاصل کیے، انٹرویو لیے، رسائل و اخبارات کے فائل کھنگالے، سفر کیے اور پھر حاصل کردہ چیزوں کو بخوبی مرتب کیا۔ ان شخصیتوں کے حالات کا مطالعہ کرنے والے آدمی کو ایمان، اخلاق، دعوتِ حق اور حصولِ علمِ دین کے لیے تقویت ملتی ہے۔ اب ایسے لوگ کم ہوتے جارہے ہیں۔

مؤلف اگر قدرے اختصار سے کام لیتے اور بعض بیانات کو تطویل و تکرار سے بچاکے صرف ٹھوس حقائق کو نمایاں کرتے تو ۵۰۰ صفحے کی کتاب میں ہم ۳۰، ۴۰ احباب رفتگان کے احوال کا مطالعہ کرسکتے۔ اُمید ہے کہ وہ اگلے ایڈیشن میں اس کو ملحوظ رکھیں گے۔

ان کے جذبۂ کار اور لگن کی دل سے ہم قدر کرتے ہیں۔ انہوں نے خوبصورت ادبی زبان میں کتاب لکھ کر بڑا کام کیا ہے۔ اُمید ہے کہ نوجوان صفوں کے لیے یہ ذریعۂ تربیت و رہنمائی ہوگی۔

---

**رموزِ شاعری** از عزیز جبران انصاری ایم اے - ناشر: عادل ناسب خضری ۲۷۶ نصرت کالونی قدیم سکھر۔

آج کل کے اکثر شعرا علم عروض سے بےخبر اور اوزان و قوافی سے بے نیاز ہوتے ہیں

© rasailojaraid.com